إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاء إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ (80)

ترجمہ: (اے حبیب!) بے شک آپ نہ تو اِن مردوں (یعنی حیاتِ ایمانی سے محروم کافروں) کو اپنی پکار سناتے ہیں اور نہ ہی (صدائے حق کی سماعت سے محروم) بہروں کو، جب کہ وہ (آپ ہی سے) پیٹھ پھیرے جا رہے ہوں ☆o

☆ یہاں پر الْمَوْتٰی (مُردوں) اور الصُّمَّ (بہروں) سے مراد کافر ہیں۔ صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے بھی یہی معنٰی مروی ہے۔ مختلف تفاسیر سے حوالے ملاحظہ ہوں: تفسیر الطبری (12:20)، تفسیر القرطبی (232:13)، تفسیر البغوی (428:3)، زاد المسیر لابن الجوزی (189:6)، تفسیر ابن کثیر (375:3، 439)، تفسیر اللباب لابی حفص الحنبلی (126:16)، الدر المنثور للسیوطی (376:6)، اور فتح القدیر للشوکانی (150:4)

(O Beloved!) Surely, you make neither the dead (i.e., the disbelievers deprived

of the vitality of faith) hear your call nor the deaf (i.e., deprived of hearing the call of truth) while they are getting away (from you) turning their backs.*

* Here al-mawta (the dead) and al-summa (the deaf) denote the disbelievers. The Companions and the Followers have also narrated the same meaning. See: Tafsir al-Tabari (20:12); Tafsir al-Qurtubi (13:232); Tafsir al-Baghawi (3:428); Zad al-Masir by Ibn al-Jawzi (6:189); Tafsir Ibn Kathir (3:375, 439); Tafsir al-Lubab by Ibn 'Adil al-Damashqi (16:126); al-Durr al-Manthur by al-Suyuti (6:376) and Fath al-Qadir by al-Shawkani (4:150).

وَمَا أَنتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَن ضَلَالَتِهِمْ إِن تُسْمِعُ إِلَّا مَن يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ (81)

ترجمہ: اور نہ ہی آپ (دل کے) اندھوں کو ان کی گمراہی سے (بچا کر) ہدایت دینے والے ہیں، آپ تو (فی الحقیقت) انہی کو سناتے ہیں جو (آپ کی دعوت قبول کر کے) ہماری آیتوں پر ایمان لے آتے ہیں سو وہی لوگ مسلمان ہیں (اور وہی زندہ کہلانے کے حق دار ہیں)o

Nor can you guide the blind (of heart, rescuing them) from their wrong path. (In fact) you make only them hear who (accepting your call) believe in Our Revelations. So it is they who are Muslims (and only they deserve to be called alive).

وَأَنْ أَتْلُوَ الْقُرْآنَ فَمَنِ اهْتَدَى فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ وَمَن ضَلَّ فَقُلْ إِنَّمَا أَنَا مِنَ الْمُنذِرِينَ (92)

ترجمہ: نیز یہ کہ میں قرآن پڑھ کر سناتا رہوں سو جس شخص نے ہدایت قبول کی تو اس نے اپنے ہی فائدہ کے لیے راہِ راست اختیار کی، اور جو بہکا رہا تو آپ فرما دیں کہ میں تو صرف ڈر سنانے والوں میں سے ہوںo

And that I keep reciting the Qur'an. So whoever accepts guidance takes the straight path only for his own benefit, and (to him) who wanders on in error, say: 'I am only of the Warners.'

سورۃ الشوریٰ:

وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحاً مِّنْ أَمْرِنَا مَا كُنتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَكِن جَعَلْنَاهُ نُوراً نَّهْدِي بِهِ مَنْ نَّشَاء مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (52)

ترجمہ: سو اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے روحِ (قلوب و ارواح) کی وحی فرمائی (جو قرآن ہے)، اور آپ (وحی سے قبل اپنی ذاتی درایت و فکر سے) نہ یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ ایمان (کے شرعی احکام کی تفصیلات کو ہی جانتے تھے جو بعد میں نازل اور مقرر ہوئیں) ☆ مگر ہم نے اسے نور بنا دیا۔ ہم اِس (نور) کے ذریعہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت سے نوازتے ہیں، اور بے شک آپ ہی صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت عطا فرماتے ہیں ☆☆o

☆ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اُمّیت کی طرف اشارہ ہے تا کہ کفّار آپ کی زبان سے قرآن کی آیات اور ایمان کی تفصیلات سن کر یہ بدگمانی نہ پھیلائیں کہ یہ سب کچھ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ذاتی علم اور تفکر سے گھڑ لیا ہے کچھ نازل نہیں ہوا، سو یہ اَز خود نہ جاننا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عظیم معجزہ بنا دیا گیا۔

☆☆ اے حبیب! آپ کا ہدایت دینا اور ہمارا ہدایت دینا دونوں کی حقیقت ایک ہی ہے اور صرف انہی کو ہدایت نصیب ہوتی ہے جو اس حقیقت کی معرفت اور اس سے وابستگی رکھتے ہیں۔

So thus We revealed to you Our Spirit (of hearts and souls) by Our command (that is the Qur'an). And (before the Revelation) you did not know what the Book was, nor did you know (through your own endeavour and insight the details of the injunctions of) faith (which were sent down and determined later).* But We made it a Light. By means of this Light, We give guidance to those of Our servants whom We intend. And assuredly, you alone provide guidance towards the straight path.**

*** Here reference is made to the glory of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) as being an Ummi (not taught to read or write) so that the disbelievers, hearing the Verses of the Qur'an and the details of faith from him, may not spread this evil thought that the Holy Prophet Muhammad (blessings and peace be upon him) has invented it out of his personal knowledge, learning and scholarship and that nothing has been sent down to him. So this unletteredness has been one of his great miracles.**

**** O Beloved! The reality of guidance is the same whether by you or by Us. And guidance is only the share of the one who acquires the knowledge of this fact and then sticks to it tenaciously.**

سورۃ الفتح:

هُوَ الَّذِیُ أَرُسَلَ رَسُولَهُ بِالُهُدَى وَدِیُنِ الُحَقِّ لِیُظُهِرَهُ عَلَى الدِّیُنِ کُلِّهِ وَکَفَى بِاللَّهِ شَهِیُداً (28)

ترجمہ: وہی ہے جس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہدایت اور دینِ حق عطا فرما کر بھیجا تاکہ اسے تمام ادیان پر غالب کر دے، اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت وحقانیت پر) اللہ ہی گواہ کافی ہے O

He is the One Who sent His Messenger (blessings and peace be upon him) with guidance and the Din (Religion) of truth to make it prevail over all other religions. And Allah is Sufficient as a witness (to the truthfulness and veracity of the Messenger [blessings and peace be upon him]).

11 - رَسُولٌ

سورۃ الأعراف:

الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوباً عِندَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالإِنْجِيلِ يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَآئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالأَغْلاَلَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِينَ آمَنُواْ بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُواْ النُّورَ الَّذِيَ أُنزِلَ مَعَهُ أُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (157)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو اس رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کرتے ہیں جو امّی (لقب) نبی ہیں (یعنی دنیا میں کسی شخص سے پڑھے بغیر مِن جانبِ اللہ لوگوں کو اخبارِ غیب اور معاش و معاد کے علوم و معارف بتاتے ہیں) جن (کے اوصاف و کمالات) کو وہ لوگ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، جو انہیں اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے منع فرماتے ہیں اور ان کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتے ہیں اور ان پر پلید چیزوں کو حرام کرتے ہیں اور ان سے ان کے بارِ گراں اور طوقِ (قیود) جو ان پر (نافرمانیوں کے باعث مسلّط) تھے، ساقط فرماتے (اور انہیں نعمتِ آزادی سے بہرہ یاب کرتے) ہیں۔ پس جو لوگ اس (برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائیں گے اور ان کی تعظیم و توقیر کریں گے اور ان (کے دین) کی مدد و نصرت کریں گے اور اس نورِ (قرآن) کی پیروی کریں گے جو ان کے ساتھ اتارا گیا ہے، وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں o

(They are the people) who follow the Messenger, the Prophet (titled as) al-Ummi (who imparts to the people from Allah the news of the unseen and knowledge and secrets of socio-economic disciplines of life without himself being taught by any human in the world); whose (eminent attributes and exquisite powers) these people find written in the Torah and the Injil (Gospel); who enjoins on them virtues and forbids them vices, declares wholesome things lawful and impure ones unlawful for them and removes from them their heavy burdens and yokes (i.e., shackles) weighing upon them (due to their acts of disobedience and blesses them with freedom). So those who will believe in this (most exalted Messenger [blessings and peace be upon him]) and venerate and revere him and serve and support him (in his Din [Religion]) and follow this light (the Qur'an) that has been sent down with him, it is they who will flourish and prosper.'

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعاً الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ لا إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ يُحْيِـي وَيُمِيتُ فَآمِنُواْ بِاللّهِ وَرَسُولِهِ النَّبِيِّ الأُمِّيِّ الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللّهِ وَكَلِمَاتِهِ وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ(158)

ترجمہ: آپ فرما دیں: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول (بن کر آیا) ہوں جس کے لیے تمام آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی جلاتا اور مارتا ہے، سو تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لاؤ جو شانِ اُمیّت کا حامل نبی ہے (یعنی اس نے اللہ کے سوا کسی سے کچھ نہیں پڑھا مگر جمیع خلق سے زیادہ جانتا ہے اور کفر و شرک کے معاشرے میں جوان ہوا مگر بطنِ مادر سے نکلے ہوئے بچے کی طرح معصوم اور پاکیزہ ہے) جو اللہ پر اور اس کے (سارے نازل

کردہ) کلاموں پر ایمان رکھتا ہے اور تم انہی کی پیروی کرو تا کہ تم ہدایت پا سکوo

Say: 'O mankind! I have (come) to all of you (as) the Messenger of Allah to Whom belongs the kingdom of the heavens and the earth. There is no God except He. He is the One Who grants life and causes death.' So believe in Allah and His Messenger, who is a Prophet crowned with the glory of being al-Ummi (i.e., he has not learnt anything from anyone except Allah, but knows far more than the entire creation, and is innocent and pure like a newborn baby, despite his upbringing in an infidel and polytheistic society), who believes in Allah and (all) His (revealed) Books and follow him alone so that you may take guidance.

سورۃ التوبۃ:

هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ (33)

ترجمہ: وہی (اللہ) ہے جس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہر دین (والے) پر غالب کر دے اگرچہ مشرکین کو برا لگےo

Allah is He Who sent His Messenger (blessings and peace be upon him) with guidance and the Din (Religion) of truth to make him (the Messenger) dominant over every (other exponent of) Din (Religion), though much to the dislike of the polytheists.

سورۃ بنی اسرائیل:

أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِّن زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَى فِي السَّمَاءِ وَلَن نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَاباً نَّقْرَؤُهُ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّي هَلْ كُنتُ إَلاَّ بَشَراً رَّسُولاً (93)

ترجمہ: یا آپ کا کوئی سونے کا گھر ہو (جس میں آپ خوب عیش سے رہیں) یا آپ آسمان پر چڑھ جائیں، پھر بھی ہم آپ کے (آسمان میں) چڑھ جانے پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ آپ (وہاں سے) ہمارے اوپر کوئی کتاب اتار لائیں جسے ہم (خود) پڑھ سکیں، فرما دیجیے: میرا رب (ان خرافات میں الجھنے سے) پاک ہے میں تو ایک انسان (اور) اللہ کا بھیجا ہوا (رسول) ہوںo

Or you have a house of gold (wherein you live luxuriously) or you ascend up to heaven, but even then we will not believe in your ascension (to the heaven) until you bring down to us (from there) a Book which we may read (ourselves).' Say: 'Holy is my Lord (far above these vagaries). I am only a human being (and a Messenger) sent by Allah.'

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُواْ إِذْ جَاءهُمُ الْهُدَى إِلاَّ أَن قَالُواْ أَبَعَثَ اللّهُ بَشَراً رَّسُولاً (94)

ترجمہ: اور (ان) لوگوں کو ایمان لانے سے اور کوئی چیز مانع نہ ہوئی جبکہ ان کے پاس ہدایت (بھی) آ چکی تھی سوائے اس کے کہ وہ کہنے لگے: کیا اللہ نے (ایک) بشر کو رسول بنا کر بھیجا ہےo

And nothing prevented (these) people from believing, whilst there had come to them guidance (as well), except that they said: 'Has Allah sent (a) man as Messenger?'

سورۃ الأنبیاء:

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ إِلَّا نُوحِيْ إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ (25)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر ہم اس کی طرف یہی وحی کرتے رہے کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم میری (ہی) عبادت کیا کرو o

And We did not send any Messenger before you, but We frequented the same revelation to him: 'There is no God but I, so worship Me (alone).'

سورۃ الشعراء:

فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُولَا إِنَّا رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ (16)

ترجمہ: پس تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ اور کہو: ہم سارے جہانوں کے پروردگار کے (بھیجے ہوئے) رسول ہیں o

So go, both of you, to Pharaoh and say: We are the Messengers (sent) by the Lord of all the worlds.

سورۃ الأحزاب:

مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (40)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے مَردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور سب انبیاء کے آخر میں (سلسلۂ نبوت ختم کرنے والے) ہیں، اور اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہے o

Muhammad (blessings and peace be upon him) is not the father of any of your men, but he is the Messenger of Allah and the Last of the Prophets (ending the chain of the Prophets). And Allah is the Perfect Knower of everything.

سورۃ یٰسٓ:

إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ (3)

ترجمہ: بے شک آپ ضرور رسولوں میں سے ہیں o

You are indeed one of the Messengers,

سورۃ الزخرف:

بَلْ مَتَّعْتُ هَؤُلَاء وَآبَاءهُمْ حَتَّى جَاءهُمُ الْحَقُّ وَرَسُولٌ مُّبِينٌ (29)

ترجمہ: بلکہ میں نے انہیں اور اِن کے آباء واجداد کو (اسی ابراہیم علیہ السلام کے تصدّق اور واسطہ سے اِس دنیا میں) فائدہ پہنچایا ہے یہاں تک کہ اِن کے پاس حق (یعنی قرآن) اور واضح و روشن بیان والا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لے آیا o

In truth, I bestowed upon these people and their ancestors (worldly) provision (for the sake of and due to the mediation of Ibrahim [Abraham]) until there

came to them the truth (the Qur'an) and the Messenger (blessings and peace be upon him) with clear and illumining exposition.

سورۃ الاحقاف:

قُلْ مَا كُنتُ بِدْعاً مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ (9)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ میں (انسانوں کی طرف) کوئی پہلا رسول نہیں آیا (کہ مجھ سے قبل رسالت کی کوئی مثال ہی نہ ہو) اور میں اَز خود (یعنی محض اپنی عقل و درایت سے) نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا اور نہ وہ جو تمہارے ساتھ کیا جائے گا، (میرا علم تو یہ ہے کہ) میں صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف بھیجی جاتی ہے (وہی مجھے ہر شے کا علم عطا کرتی ہے) اور میں تو صرف (اس علم بالوحی کی بنا پر) واضح ڈر سنانے والا ہوںo

Say: 'I am not the first Messenger (sent to mankind that no precedent of Messengership exists before me). Nor do I know of my own accord (i.e., purely by means of my own mental faculty and self-application) what will be done to me or what will be done to you. (My knowledge is nothing except that) I follow that revelation alone which is sent to me. (It is this that provides me knowledge about everything.) And I am simply a clear Warner (on the basis of this knowledge obtained through revelation).

سورۃ الفتح:

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاء عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاء بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعاً سُجَّداً يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَاناً سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَى عَلَى سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيماً (29)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیت اور سنگت میں ہیں (وہ) کافروں پر بہت سخت اور زور آور ہیں آپس میں بہت نرم دل اور شفیق ہیں۔ آپ انہیں کثرت سے رکوع کرتے ہوئے، سجود کرتے ہوئے دیکھتے ہیں وہ (صرف) اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے طلب گار ہیں۔ اُن کی نشانی اُن کے چہروں پر سجدوں کا اثر ہے (جو بصورتِ نور نمایاں ہے)۔ ان کے یہ اوصاف تورات میں (بھی مذکور) ہیں اور ان کے (یہی) اوصاف انجیل میں (بھی مرقوم) ہیں۔ وہ (صحابہ ہمارے محبوبِ مکرّم کی) کھیتی کی طرح ہیں جس نے (سب سے پہلے) اپنی باریک سی کونپل نکالی، پھر اسے طاقتور اور مضبوط کیا، پھر وہ موٹی اور دبیز ہوگئی، پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہوگئی (اور جب سرسبز و شاداب ہو کر لہلہائی تو) کاشتکاروں کو کیا ہی اچھی لگنے لگی (اللہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اسی طرح ایمان کے تناور درخت بنایا ہے) تاکہ اِن کے ذریعے وہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جلنے والے) کافروں کے دل جلائے، اللہ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ فرمایا ہےo

Muhammad (blessings and peace be upon him) is the Messenger of Allah. And

those with him are hard and tough against the disbelievers but kind-hearted and merciful amongst themselves. You see them excessively bowing and prostrating themselves. They simply seek Allah's grace and pleasure. Their mark is an impression of prostrations on their faces (prominent on the foreheads as light). These traits of theirs are (mentioned) in the Torah and the (same) qualities are also (described) in the Injil (the Gospel). These (Companions) are like a cultivated crop (of Our Esteemed Beloved) which (first of all) brought forth its thin shoot, then made it powerful and strong, and then it thickened and stood straight on its stalk. (And when it flourished, bloomed and danced,) it delighted and charmed the cultivators. (Allah has, likewise, made the Companions of His Beloved strong, grown up trees of faith,) so that by means of them He would inflame the hearts of the disbelievers (that burn in the jealousy of the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]). Those who believe and do pious works, Allah has promised them forgiveness and an immense reward.

سورۃ الجمعۃ:

هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُوا مِن قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (2)

ترجمہ: وہی ہے جس نے اَن پڑھ لوگوں میں انہی میں سے ایک (باعظمت) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو بھیجا وہ اُن پر اُس کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں اور اُن (کے ظاہر و باطن) کو پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتے ہیں، بے شک وہ لوگ اِن (کے تشریف لانے) سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے o

He is the One Who sent a (Glorious) Messenger (blessings and peace be upon him) amongst the illiterate people from amongst themselves who recites to them His Revelations and cleanses and purifies them (outwardly and inwardly) and teaches them the Book and wisdom. Indeed, they were in open error before (his most welcome arrival).

سورۃ المنافقون:

إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ قَالُوا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ اللَّهِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَكَاذِبُونَ (1)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ یقیناً اللہ کے رسول ہیں، اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً آپ اُس کے رسول ہیں، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یقیناً منافق لوگ جھوٹے ہیں o

(O Esteemed Beloved!) When the hypocrites come to you, they say: 'We bear witness that you are certainly the Messenger of Allah.' And Allah knows that surely you are His Messenger (blessings and peace be upon him). But Allah bears witness that undoubtedly the hypocrites are liars.

سورۃ الدخان:

أَنَّى لَهُمُ الذِّكْرَى وَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ (13)

ترجمہ: اب اُن کا نصیحت ماننا کہاں (مفید) ہو سکتا ہے حالاں کہ ان کے پاس واضح بیان فرمانے والے رسول آ چکے o

How can their acceptance of the admonition now be (of any use), whereas there came to them a Messenger with a clear exposition?

سورۃ المزّمّل:

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولاً شَاهِداً عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَى فِرْعَوْنَ رَسُولاً (15)

ترجمہ: بے شک ہم نے تمہاری طرف ایک رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بھیجا ہے جو تم پر (اَحوال کا مشاہدہ فرما کر) گواہی دینے والا ہے، جیسا کہ ہم نے فرعون کی طرف ایک رسول کو بھیجا تھا o

Surely, We have sent towards you a Messenger (blessings and peace be upon him) who bears witness to you (seeing thoroughly your states of being) as We sent a Messenger towards Pharaoh.

سورۃ التکویر:

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ (19)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) بڑی عزت و بزرگی والے رسول کا (پڑھا ہوا) کلام ہے o

Indeed, this (Qur'an) is the Word (communicated) by a glorious and most venerable Messenger (blessings and peace be upon him),

سورۃ البیّنۃ:

رَسُولٌ مِّنَ اللَّهِ يَتْلُو صُحُفاً مُّطَهَّرَةً (2)

ترجمہ: (وہ دلیل) اللہ کی طرف سے رسول (آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں جو (ان پر) پاکیزہ اوراقِ (قرآن) کی تلاوت فرماتے ہیں o

That (proof) is the (last) Messenger from Allah, who recites (to them) holy pages (of the Glorious Qur'an),

12۔ نَبِیٌّ

سورۃ الأعراف:

الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوباً عِندَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَآئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلاَلَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِينَ آمَنُواْ بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُواْ النُّورَ الَّذِيَ أُنزِلَ مَعَهُ أُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (157)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو اس رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کرتے ہیں جو اُمّی (لقب) نبی ہیں (یعنی دنیا میں کسی شخص سے پڑھے بغیر منِ جانبِ اللہ لوگوں کو اخبارِ غیب اور معاش و معاد کے علوم و معارف بتاتے ہیں) جن (کے اوصاف و کمالات) کو وہ لوگ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، جو انہیں اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے منع فرماتے ہیں اور ان کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتے ہیں اور ان پر پلید چیزوں کو حرام کرتے ہیں اور ان سے ان کے بارِ گراں اور طوقِ (قیود) جو ان پر (نافرمانیوں کے باعث مسلّط) تھے، ساقط فرماتے (اور انہیں نعمتِ آزادی سے بہرہ یاب کرتے) ہیں۔ پس جو لوگ اس (برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائیں گے اور ان کی تعظیم و توقیر کریں گے اور ان (کے دین) کی مدد و نصرت کریں گے اور اس نورِ (قرآن) کی پیروی کریں گے جو ان کے ساتھ اتارا گیا ہے، وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں o

(They are the people) who follow the Messenger, the Prophet (titled as) al-Ummi (who imparts to the people from Allah the news of the unseen and knowledge and secrets of socio-economic disciplines of life without himself being taught by any human in the world); whose (eminent attributes and exquisite powers) these people find written in the Torah and the Injil (Gospel); who enjoins on them virtues and forbids them vices, declares wholesome things lawful and impure ones unlawful for them and removes from them their heavy burdens and yokes (i.e., shackles) weighing upon them (due to their acts of disobedience and blesses them with freedom). So those who will believe in this (most exalted Messenger [blessings and peace be upon him]) and venerate and revere him and serve and support him (in his Din [Religion]) and follow this light (the Qur'an) that has been sent down with him, it is they who will flourish and prosper.'

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعاً الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لا إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ يُحْيِـي وَيُمِيتُ فَآمِنُواْ بِاللّهِ وَرَسُولِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللّهِ وَكَلِمَاتِهِ وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ(158)

ترجمہ: آپ فرما دیں: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول (بن کر آیا) ہوں جس کے لیے تمام آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی جلاتا اور مارتا ہے، سو تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لاؤ جو شانِ اُمیّت کا حامل نبی ہے (یعنی اس نے اللہ کے سوا کسی سے کچھ نہیں پڑھا مگر جمیع خلق سے زیادہ جانتا ہے اور کفر و شرک کے معاشرے میں جوان ہوا مگر بطنِ مادر سے نکلے ہوئے بچے کی طرح معصوم اور پاکیزہ ہے) جو اللہ پر اور اس کے (سارے نازل

کردہ) کلاموں پر ایمان رکھتا ہے اور تم انہی کی پیروی کرو تا کہ تم ہدایت پا سکوo

Say: 'O mankind! I have (come) to all of you (as) the Messenger of Allah to Whom belongs the kingdom of the heavens and the earth. There is no God except He. He is the One Who grants life and causes death.' So believe in Allah and His Messenger, who is a Prophet crowned with the glory of being al-Ummi (i.e., he has not learnt anything from anyone except Allah, but knows far more than the entire creation, and is innocent and pure like a newborn baby, despite his upbringing in an infidel and polytheistic society), who believes in Allah and (all) His (revealed) Books and follow him alone so that you may take guidance.

13 ۔ اُمِّیٌّ

سورۃ الأعراف:

الَّذِيْنَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِندَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنزِلَ مَعَهُ أُولَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (157)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو اس رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کرتے ہیں جو اُمّی (لقب) نبی ہیں (یعنی دنیا میں کسی شخص سے پڑھے بغیر مِن جانبِ اللہ لوگوں کو اخبارِ غیب اور معاش و معاد کے علوم و معارف بتاتے ہیں) جن (کے اوصاف و کمالات) کو وہ لوگ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، جو انہیں اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے منع فرماتے ہیں اور ان کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتے ہیں اور ان پر پلید چیزوں کو حرام کرتے ہیں اور ان سے ان کے بارِ گراں اور طوقِ (قیود) جو ان پر (نافرمانیوں کے باعث مسلّط) تھے، ساقط فرماتے (اور انہیں نعمتِ آزادی سے بہرہ یاب کرتے) ہیں۔ پس جو لوگ اس (برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائیں گے اور ان کی تعظیم و توقیر کریں گے اور ان (کے دین) کی مدد و نصرت کریں گے اور اس نورِ (قرآن) کی پیروی کریں گے جو ان کے ساتھ اتارا گیا ہے، وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں o

(They are the people) who follow the Messenger, the Prophet (titled as) al-Ummi (who imparts to the people from Allah the news of the unseen and knowledge and secrets of socio-economic disciplines of life without himself being taught by any human in the world); whose (eminent attributes and exquisite powers) these people find written in the Torah and the Injil (Gospel); who enjoins on them virtues and forbids them vices, declares wholesome things lawful and impure ones unlawful for them and removes from them their heavy burdens and yokes (i.e., shackles) weighing upon them (due to their acts of disobedience and blesses them with freedom). So those who will believe in this (most exalted Messenger [blessings and peace be upon him]) and venerate and revere him and serve and support him (in his Din [Religion]) and follow this light (the Qur'an) that has been sent down with him, it is they who will flourish and prosper.'

14 ۔ عَزِيزٌ

سورۃ الفتح:

وَيَنصُرَكَ اللَّهُ نَصراً عَزِيزاً (3)

ترجمہ: اور اللہ آپ کو نہایت باعزت مدد و نصرت سے نوازےo

And so that Allah grants you most honourable help and support.

15 ۔ رَحِیمٌ

سورۃ الأنبیاء:

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ (107)

ترجمہ: اور (اے رسولِ محتشم!) ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر o

And, (O Esteemed Messenger,) We have not sent you but as a mercy for all the worlds.

16 ۔ طٰهٰ

سورۃ طہ:

طه (1)

ترجمہ: طا، ہا (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں) o

Ta-Ha. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

17 ۔ مُزَّمِلٌ

سورۃ المزّمّل:

یَا أَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ (1)

ترجمہ: اے کملی کی جھرمٹ والے (حبیب!)o

O mantled (Beloved!)

18۔ وَلِیٌّ

سورۃ المائدۃ:

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُواْ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ (55)

ترجمہ: بے شک تمہارا (حقیقی مددگار اور) دوست تو اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہی ہے اور (ساتھ) وہ ایمان والے ہیں جو نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ (اللہ کے حضور عاجزی سے) جھکنے والے ہیں o

Indeed, your real helper and friend is only Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers (as well) who persevere in offering Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and they are those who bow down (with extreme submissiveness before the presence of Allah).

وَمَن يَتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُواْ فَإِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغَالِبُونَ (56)

ترجمہ: اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ایمان والوں کو دوست بنائے گا تو (وہی اللہ کی جماعت ہے اور) اللہ کی جماعت (کے لوگ) ہی غالب ہونے والے ہیں o

And the one who makes friends with Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers, then (they are the people who are Allah's party), and (it is the people of) Allah's party who will surely overmaster.

سورۃ الأعراف:

إِنَّ وَلِيِّـيَ اللّٰهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ (196)

ترجمہ: بے شک میرا مددگار اللہ ہے جس نے کتاب نازل فرمائی ہے اور وہی صلحاء کی بھی نصرت وولایت فرماتا ہے o

Indeed, my Helper is Allah, Who has revealed the Book, and He is the One Who also protects and helps the pious.

19۔ مُدّثِّرٌ

سورۃ المزّمّل:

يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ (1)

ترجمہ: اے کملی کی جھرمٹ والے (حبیب!)o

O mantled (Beloved!)

20 ۔ مَتِینٌ

سورۃ التکویر :

ذِیْ قُوَّۃٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَکِیْنٍ (20)

ترجمہ: جو (دعوتِ حق، تبلیغِ رسالت اور روحانی استعداد میں) قوت و ہمت والے ہیں (اور) مالکِ عرش کے حضور بڑی قدر و منزلت (اور جاہ و عظمت) والے ہیں o

Who is mighty and strong (in calling to the truth, preaching the faith in Messengership and spiritual competence, and) is held in extreme reverence and veneration (and splendour and glory) in the presence of the Lord of the Throne,

21۔ مِصبَاحٌ

سورۃ النور:

اللّٰهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِن شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُّورٌ عَلَىٰ نُورٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُورِهِ مَن يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (35)

ترجمہ: اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اس کے نور کی مثال (جو نورِ محمدی کی شکل میں دنیا میں روشن ہے) اُس طاق (نما سینہ اَقدس) جیسی ہے جس میں چراغِ (نبوت روشن) ہے؛ (وہ) چراغ (قلبِ محمدی کے) فانوس میں رکھا ہے۔ (یہ) فانوس (نورِ الٰہی کے پَرتو سے اس قدر منور ہے) گویا ایک درخشندہ ستارہ ہے (یہ چراغِ نبوت) جو زیتون کے مبارک درخت سے (یعنی عالم قدس کے بابرکت رابطہ وحی سے یا انبیاء و رُسل ہی کے مبارک شجرہ؟ نبوت سے) روشن ہوا ہے نہ (فقط) شرقی ہے اور نہ غربی (بلکہ اپنے فیضِ نور کی وسعت میں عالم گیر ہے)۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا تیل (خود ہی) چمک رہا ہے اگرچہ ابھی اسے (وحیِ ربّانی اور معجزاتِ آسمانی کی) آگ نے چھوا بھی نہیں۔ (وہ) نور کے اوپر نور ہے (یعنی نورِ وجود پر نورِ نبوت گویا وہ ذات دوہرے نور کا پیکر ہے)۔ اللہ جسے چاہتا ہے اپنے نور (کی معرفت) تک پہنچا دیتا ہے، اور اللہ لوگوں (کی ہدایت) کے لیے مثالیں بیان فرماتا ہے، اور اللہ ہر چیز سے خوب آگاہ ہے ○ ☆

☆ یہ حضرت عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کے علاوہ تابعین میں سے کعب الاحبار، سعید بن جبیر، ابوالعالیہ اور الضحاک بن مزاحم کا بیان کردہ معنی ہے؛ جسے امام عبد بن حمید، ابن جریر الطبری، ابن المنذر، ابن ابی حاتم الرازی، ابومنصور الماتریدی، الطبرانی، ابواللیث السمرقندی، السلمی، ابواسحاق الثعلبی، مکی بن ابی طالب المقری، البغوی، القاضی عیاض، ابن عطیہ، ابن الجوزی، فخر الدین الرازی، القرطبی، ابن حیان، ابن القیم، ابوحفص الحنبلی، السیوطی، القسطلانی، الآلوسی اور دیگر بہت سے مفسرین نے بیان کیا ہے۔

Allah is the Light of the heavens and the earth. The likeness of His Light (which is glowing in the world in the form of Muhammad's Light [blessings and peace be upon him]) is as a niche-like (sacred breast) wherein is glowing the lamp (of Prophethood), the lamp contained in a crystal globe (the radiant heart of the Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]). This globe is (as dazzlingly bright owing to reflection of Allah's Light) as a glittering star. (This lamp of Prophethood) is lit with the sacred olive tree (i.e., either due to the blissful communication of divine Revelation from the Realm of divinity, or owing to the blissful genealogical tree of the Prophets and the Messengers). It is neither (merely) eastern nor western (rather universal and cosmic in its generously infinite luminosity. The likeness of this lamp of Prophethood is as if) its oil (i.e., Light, due to its genuine and inherent potential capability) is glowing, though no fire (or the radiation of celestial miracles and divine

Revelation) has even touched it yet. (So it) is Light upon Light (i.e., the Light of Prophethood upon the Light of the Holy Essence, denoting a Self-Embodying double Light). Allah takes to (the gnosis of) His Light whom He wills. And Allah explains similitudes for (the guidance of) people and Allah is Well Aware of everything.*

* In addition to 'Abd Allah b. 'Abbas and 'Abd Allah b. 'Umar (may Allah be well pleased with them), this meaning has been described from among the Successors by Ka'b al-Ahbar, Sa'id b. Jubayr, Abu al-'Aliya and al-Dahhak b. Mazahim. 'Abd b. Humayd, Ibn Jarir al-Tabari, Ibn al-Mundhir, Ibn Abi Hatim al-Razi, Abu Mansur al-Maturidi, al-Tabarani, Abu al-Layth al-Samarqandi, al-Sulami, Abu Ishaq al-Tha'labi, Makki b. Abi Talib al-Muqri, al-Baghawi, al-Qadi 'Iyad, Ibn 'Atiyya, Ibn al-Jawzi, Fakhr al-Din al-Razi, al-Qurtubi, Ibn Hayyan, Ibn al-Qayyim, Abu Hafs al-Hanbali, al-Suyuti, al-Qastallani, al-Alusi and many other exegetes have narrated the same meaning.

22 ۔ صَادِقٌ

سورۃ الأحزاب:

وَلَمَّا رَأَى الْمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ قَالُوا هَذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَاناً وَتَسْلِيماً (22)

ترجمہ: اور جب اہلِ ایمان نے (کافروں کے) لشکر دیکھے تو بول اٹھے کہ یہ ہے جس کا اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے وعدہ فرمایا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا ہے، سو اس (منظر) سے ان کے ایمان اور اطاعت گزاری میں اضافہ ہی ہوا O

And when the believers saw the armies (of disbelievers), they said: 'This is what Allah and His Messenger promised us, and Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) have spoken the truth.' So this (spectacle) increased their faith and their commitment to submission to Allah.

سورۃ الصافات:

بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ (37)

ترجمہ: (وہ نہ مجنوں ہے نہ شاعر) بلکہ وہ (دینِ) حق لے کر آئے ہیں اور انہوں نے (اللہ کے) پیغمبروں کی تصدیق کی ہے O

(He is neither an insane person nor a poet.) He has rather brought the truth (Din [Religion]) and confirmed the Messengers (of Allah).

23 ۔ اَمِينٌ

سورۃ التکویر:

مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ (21)

ترجمہ: (تمام جہانوں کے لیے) واجب الاطاعت ہیں (کیونکہ ان کی اطاعت ہی اللہ کی اطاعت ہے)، امانت دار ہیں (وحی اور زمین وآسمان کے سب اُلوہی رازوں کے حامل ہیں)o

Entitled to obligatory obedience (by all the worlds because obedience to him is obedience to Allah) and faithful to His trust (possesses Revelation and all divine secrets of the heavens and the earth).

24 ۔ خَاتِمُ الانَبِیآء

سورۃ الأحزاب:

مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (40)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے مَردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور سب انبیاء کے آخر میں (سلسل? نبوت ختم کرنے والے) ہیں، اور اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہے o

Muhammad (blessings and peace be upon him) is not the father of any of your men, but he is the Messenger of Allah and the Last of the Prophets (ending the chain of the Prophets). And Allah is the Perfect Knower of everything.

25۔ قَوِیٌّ

سورۃ التکویر:

ذِیۡ قُوَّۃٍ عِنۡدَ ذِی الۡعَرۡشِ مَکِیۡنٍ (20)

ترجمہ: جو (دعوتِ حق، تبلیغِ رسالت اور روحانی استعداد میں) قوت و ہمت والے ہیں (اور) مالکِ عرش کے حضور بڑی قدر و منزلت (اور جاہ و عظمت) والے ہیںo

Who is mighty and strong (in calling to the truth, preaching the faith in Messengership and spiritual competence, and) is held in extreme reverence and veneration (and splendour and glory) in the presence of the Lord of the Throne,

26۔ حَقٌّ

سورۃ المائدۃ:

وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَاءَ نَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ أَن يُدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ (84)

ترجمہ: اور ہمیں کیا ہے کہ ہم اللہ پر اور اس حق (یعنی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن مجید) پر جو ہمارے پاس آیا ہے، ایمان نہ لائیں حالاں کہ ہم (بھی یہ) طمع رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ (اپنی رحمت و جنت میں) داخل فرما دےo

And what is the matter with us that we should not believe in Allah and the truth (i.e., Muhammad [blessings and peace be upon him] and the Holy Qur'an) which has come to us, whilst we (too) cherish (this) strong ambition that our Lord admit us (to His mercy and Paradise) along with the most pious?'

سورۃ التوبۃ:

هُوَ الَّذِیٓ أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ (33)

ترجمہ: وہی (اللہ) ہے جس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہر دین (والے) پر غالب کر دے اگرچہ مشرکین کو برا لگےo

Allah is He Who sent His Messenger (blessings and peace be upon him) with guidance and the Din (Religion) of truth to make him (the Messenger) dominant over every (other exponent of) Din (Religion), though much to the dislike of the polytheists.

سورۃ الرعد:

أَفَمَن يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمَىٰ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُوا الْأَلْبَابِ (19)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جو یہ جانتا ہے کہ جو کچھ آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے حق ہے، اس شخص کے مانند ہو سکتا ہے جو اندھا ہے، بات یہی ہے کہ نصیحت عقل مند ہی قبول کرتے ہیںo

Someone who knows that whatever has been revealed to you is the truth, can he be like the one who is blind? Truly it is only those endowed with wisdom who accept admonition,

سورۃ بنی اسرائیل:

وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقاً (81)

ترجمہ: اور فرما دیجیے: حق آ گیا اور باطل بھاگ گیا، بے شک باطل نے زائل و نابود ہی ہو جانا ہےo

And say: 'The truth has come and falsehood has fled. Surely, falsehood has to perish.'

سورۃ المؤمنون:

أَمْ يَقُولُونَ بِهِ جِنَّةٌ بَلْ جَاءَهُم بِالْحَقِّ وَأَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ (70)

ترجمہ: یا یہ کہتے ہیں کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جنون (لاحق) ہوگیا ہے، (ایسا ہرگز نہیں) بلکہ وہ ان کے پاس حق لے کر تشریف لائے ہیں اور ان میں سے اکثر لوگ حق کو پسند نہیں کرتے o

Or do they say: 'He (the Prophet) is (afflicted) with mania'? (Nay, not at all;) he has rather brought to them the truth, but most of them do not like the truth.

سورۃ النمل:

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ (79)

ترجمہ: پس آپ اللہ پر بھروسہ کریں بے شک آپ صریح حق پر (قائم اور فائز) ہیں o

So put your trust in Allah. Surely, you are (firm and fixed) on the evident truth.

سورۃ فاطر:

إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيراً وَنَذِيراً وَإِن مِّنْ أُمَّةٍ إِلَّا خلَا فِيهَا نَذِيرٌ (24)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو حق و ہدایت کے ساتھ، خوشخبری سنانے والا اور (آخرت کا) ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اور کوئی امّت (ایسی) نہیں مگر اُس میں کوئی (نہ کوئی) ڈر سنانے والا (ضرور) گزرا ہے o

Surely, We have sent you with the truth and guidance as a Bearer of good news and a Warner (for the Hereafter). And there is not a single Umma (community) but amongst whom there came (some) Warner.

سورۃ الصافات:

بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ (37)

ترجمہ: (وہ نہ مجنوں ہے نہ شاعر) بلکہ وہ (دینِ) حق لے کر آئے ہیں اور انہوں نے (اللہ کے) پیغمبروں کی تصدیق کی ہے o

(He is neither an insane person nor a poet.) He has rather brought the truth (Din [Religion]) and confirmed the Messengers (of Allah).

سورۃ الزخرف:

بَلْ مَتَّعْتُ هَؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّى جَاءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُولٌ مُّبِينٌ (29)

ترجمہ: بلکہ میں نے انہیں اور اِن کے آباء واجداد کو (اسی ابراہیم علیہ السلام کے تصدّق اور واسطہ سے اِس دنیا میں) فائدہ پہنچایا ہے یہاں تک کہ اِن کے پاس حق (یعنی قرآن) اور واضح و روشن بیان والا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لے آیا o

In truth, I bestowed upon these people and their ancestors (worldly) provision (for the sake of and due to the mediation of Ibrahim [Abraham]) until there came to them the truth (the Qur'an) and the Messenger (blessings and peace be upon him) with clear and illumining exposition.

وَلَمَّا جَاءهُمُ الْحَقُّ قَالُوا هَذَا سِحْرٌ وَإِنَّا بِهِ كَافِرُونَ (30)

ترجمہ: اور جب اُن کے پاس حق آ پہنچا تو کہنے لگے: یہ جادو ہے اور ہم اس کے منکر ہیںo

And when the truth reached them, they said: 'This is magic and we deny it.'

سورۃ الفتح:

هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ شَهِيداً (28)

ترجمہ: وہی ہے جس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہدایت اور دینِ حق عطا فرما کر بھیجا تاکہ اسے تمام ادیان پر غالب کردے، اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت وحقانیت پر) اللہ ہی گواہ کافی ہےo

He is the One Who sent His Messenger (blessings and peace be upon him) with guidance and the Din (Religion) of truth to make it prevail over all other religions. And Allah is Sufficient as a witness (to the truthfulness and veracity of the Messenger [blessings and peace be upon him]).

سورۃ ق:

بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءهُمْ فَهُمْ فِي أَمْرٍ مَّرِيجٍ (5)

ترجمہ: بلکہ (عجیب اور فہم وادراک سے بعید بات تو یہ ہے کہ) انہوں نے حق (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن) کو جھٹلا دیا جب وہ اُن کے پاس آچکا سو وہ خود (ہی) الجھن اور اضطراب کی بات میں (پڑے) ہیںo

But (strange and far from understanding is this that) they denied the truth (i.e., the Messenger and the Qur'an) when it came to them. So they have themselves stepped into anxiety and confusion.

سورۃ محمد:

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ (2)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور اس (کتاب) پر ایمان لائے جو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل کی گئی ہے اور وہی ان کے رب کی جانب سے حق ہے اللہ نے ان کے گناہ ان (کے نام؟ اعمال) سے مٹا دیے اور ان کا حال سنوار دیاo

And those who embrace faith and do pious works persistently and believe in this (Book) which has been revealed to Muhammad (blessings and peace be upon him), and that is the very truth from their Lord, Allah erases their evil works from their (record of deeds) and refines their states of being.

27۔ مُبِینٌ

سورۃ المائدۃ:

وَأَطِيعُواْ اللّهَ وَأَطِيعُواْ الرَّسُولَ وَاحْذَرُواْ فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُواْ أَنَّمَا عَلَى رَسُولِنَا الْبَلاَغُ الْمُبِينُ (92)

ترجمہ: اورتم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو اور (خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخالفت سے) بچتے رہو، پھر اگر تم نے رُوگردانی کی تو جان لو کہ ہمارے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر صرف (احکام کا) واضح طور پر پہنچا دینا ہی ہے (اور وہ یہ فریضہ ادا فرما چکے ہیں)o

And obey Allah and obey the Messenger (blessings and peace be upon him) and be on your guard (against opposition to Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him]). But if you turn away, then you should know that the responsibility of Our Messenger (blessings and peace be upon him) is only to deliver (the commandments) clearly (and he has accomplished this duty).

سورۃ الأعراف:

أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُواْ مَا بِصَاحِبِهِم مِّن جِنَّةٍ إِنْ هُوَ إِلاَّ نَذِيرٌ مُّبِينٌ (184)

ترجمہ: کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ انہیں (اپنی) صحبت کے شرف سے نوازنے والے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جنون سے کوئی علاقہ نہیں، وہ تو (نافرمانوں کو) صرف واضح ڈر سنانے والے ہیںo

Have they not reflected that the Messenger (blessings and peace be upon him), who honours them with (his) companionship, has not contracted any mania? He is only a plain Warner (to the disobedient).

سورۃ الحجر:

وَقُلْ إِنِّي أَنَا النَّذِيرُ الْمُبِينُ (89)

ترجمہ: اور فرما دیجئے کہ بے شک (اب) میں ہی (عذابِ الٰہی کا) واضح و صریح ڈر سنانے والا ہوںo

And say: 'Indeed, I am (now) the open and clear Warner (of Allah's torment).'

سورۃ النحل:

وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُواْ لَوْ شَاء اللّهُ مَا عَبَدْنَا مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ نَّحْنُ وَلا آبَاؤُنَا وَلاَ حَرَّمْنَا مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ كَذَلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلاَّ الْبَلاغُ الْمُبِينُ (35)

ترجمہ: اور مشرک لوگ کہتے ہیں: اگر اللہ چاہتا تو ہم اس کے سوا کسی بھی چیز کی پرستش نہ کرتے، نہ ہی ہم اور نہ ہمارے باپ دادا، اور نہ ہم اس کے (حکم کے) بغیر کسی چیز کو حرام قرار دیتے، یہی کچھ ان لوگوں نے (بھی) کیا تھا جو اِن سے پہلے تھے، تو کیا رسولوں کے ذمہ (اللہ کے پیغام اور احکام) واضح طور پر پہنچا دینے کے علاوہ بھی کچھ ہےo

And those who set up peers with Allah say: 'Had Allah so willed, we would not have worshipped anything apart from Him, neither we nor our fathers. Nor would we have forbidden anything without His (command).' Those before them (also) did the same. Are the Messengers responsible for anything in addition to clearly conveying (the message and commandments of Allah)?

فَإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلاَغُ الْمُبِينُ (82)

ترجمہ: سو اگر (پھر بھی) وہ رُوگردانی کریں تو (اے نبیِ معظم!) آپ کے ذمہ تو صرف (میرے پیغام اور احکام کو) صاف صاف پہنچا دینا ہےo

So if (even then) they turn away, (O Glorious Messenger,) then your responsibility is only to convey and communicate (My message and My commands) clearly.

سورۃ الحج:

